بین الاقوامی میڈیا کی دار العلوم آمد: موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں مختلف چینلوں اور بین الاقوامی الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے غیر ملکی نمائندے و دانشور گزشتہ دنوں دار العلوم تشریف لائے۔ انہوں نے دار العلوم کا مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور یہاں پر درس و تدریس اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا اور یہاں کے پُر امن تعلیمی ماحول سے بڑے متاثر ہوئے' بعد میں ان صحافیوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے مختلف ملکی اور عالمی حالات و موضوعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور انٹرویو ریکارڈ کرایا۔ ان میں پولینڈ کی وارسا یونیورسٹی کے ڈائریکٹر پروفیسر Edward Halizak' وارسا وائس کے پریذیڈنٹ Andrzej Jonas۔ اور ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر Krzysztof Strachota۔ جرمن کونسل فارن ریلیشن کے Hans Bastian Hauck اور Kathrin Brockmann۔ پولیٹیکیا ادارہ کی ایڈیٹر Marian Turski اور ہالینڈ کے اخبار ٹیلیگراف کے Jack Leenaars کے ہمراہ ڈان اخبار کے صحافی اشفاق یوسفزئی بھی شامل تھے۔

اصول تفسیر پر ایک منفرد حیثیت کی حامل کتاب

البیان الفرید فی علوم القرآن المجید

منظر عام پر آ گئی ہے

یہ کتاب دار العلوم اسلامیہ چارسدہ کے شیخ التفسیر، استاذ حدیث اور ماہنامہ النصیحہ کے مدیر حضرت مولانا غلام محمد صادق صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے بیس (20) سالہ درس قرآن کا ثمرہ ہے جو کہ انتہائی عرق ریزی اور انتھک کاوشوں کے بعد لکھی گئی۔ اور دار العلوم ہی کے شعبہ تصنیف و تالیف سے چھاپ کر کے پیش کیا۔

☆ کتاب کی زبان قدیم عربی یعنی اللغۃ الفصحیٰ ہے اکابر کی تصنیفات کا امالی ہے۔

☆ جمع قرآن پر مستشرقین کی جانب سے سوالات کے جوابات ہیں اصول تفسیر کے اکثر موضوعات کا ذکر۔

☆ مشائخ علماء اور سکالرز کی رشحات قلم سے مزین ☆ دلنشین ٹائیٹل بہترین کاغذ اور اعلیٰ طباعت ہے

پیش کردہ:۔ شعبۂ تصنیف و تالیف دار العلوم اسلامیہ چارسدہ فون نمبر 0916511982